© rasailojaraid.com



مُدیر کے قلم سے

# تعارف و تبصرہ

## مسند ابی داوٗد الطیالسیؒ

مصنف : امام ابو داوٗد سلیمان بن داوٗد الطیالسیؒ المتوفی ۲۰۴ھ

ناشر : مکتبہ حسینیہ ــــ قدانی روڈ ــــ گرجاکھ ــــ گوجرانوالہ

کتابت و طباعت عمدہ، صفحات ۴۵۶ مضبوط جلد قیمت ۱۵۰ روپے

جناب رسالتماب صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات و فرمودات کو محفوظ کر کے آئندہ نسلوں تک پہنچانے کے لیے جن عظیم محدثین نے شب و روز کی محنت و مشقت کے ساتھ احادیث کا ذخیرہ جمع کیا اور ان کی چھان پھٹک کر کے صحیح، ضعیف اور موضوع روایات کے فرق کو روزِ روشن کی طرح اُمت پر واضح کر دیا۔ ان میں امام ابو داوٗد الطیالسیؒ کا اسمِ گرامی بہت نمایاں ہے۔ اور ان کے مرتب کردہ ذخیرہٗ احادیث کو "مسند ابی داوٗد الطیالسیؒ" کے نام سے علمی حلقوں میں مستند مقام و حیثیت حاصل ہے۔ مسندِ الطیالسیؒ عرصہ ہوا حیدر آباد دکن سے شائع ہوئی تھی۔ پھر اس کے بعد برصغیر کے کسی ادارہ کو اس کی اشاعت کی طرف توجہ نہ ہوئی۔ مکتبہ حسینیہ گوجرانوالہ کے مالک مولانا محمد اشرف تشکر و تبریک کے مستحق ہیں کہ انہوں نے اسی نسخہ کو خوبصورت عکسی طباعت، معیاری کاغذ اور مضبوط جلد کے ساتھ ایک بار پھر علمی حلقوں کے سامنے پیش کر دیا ہے۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین یا الٰہ العالمین

## حجۃ الاسلام

تالیف : مولانا محمد قاسم نانوتویؒ

تعریب : مولانا صوفی عبد الحمید سواتی

ناشر : ادارہ نشر و اشاعت مدرسہ نصرۃ العلوم گوجرانوالہ

صفحات ــــ ۸۰ قیمت ــــ ۹ روپے

شاہجہان پور کے قریب ایک بستی میں "میلہ خدا شناسی" کے نام سے مختلف مذاہب کے پیروکاروں کے ایک مشترکہ اجتماع میں حجۃ الاسلام حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمہ اللہ تعالیٰ

© rasailojaraid.com